© rasailojaraid.com

## مشن

# البانوی زبان میں بائبل کا ترجمہ اور ایشیائیوں کے لیے ۴۶ جلدوں پر مشتمل تفسیر بائبل

جوزف اسٹالن کے پیروکار انور ہوجہ نے بلقان کے چھوٹے سے ملک البانیہ کو دُنیا کی واحد ملحد ریاست قرار دیا تھا۔ ملک کی آبادی کی غالب اکثریت مسلمان ہے مگر موجودہ صدر جناب صالح بریشہ نے آزادانہ پالیسی کے تحت مسیحی مشنریوں بالخصوص ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور یورپ سے تعلق رکھنے والوں کو سرگرمیوں کی اجازت دی ہے۔ نارتھمپٹن (انگلستان) کی ایک مشنری تنظیم "درہائے کشادہ" (The Open Doors) تیرانہ میں ملٹری اکیڈمی اور سرکاری حکام میں البانوی زبان میں بائبل کے نسخے تقسیم کر رہی ہے۔ اِس تنظیم نے بائبل کے پچاس ہزار نسخوں کی اوّلیں اشاعت کا خرچ برداشت کیا ہے۔ البانوی زبان میں عہد نامہَ جدید کے کوئی پانچ لاکھ نسخے اس سے پہلے "یورپین کرسچن مشن" شائع کر چکا ہے۔ اطلاعات سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ تمام نسخے البانیہ میں تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

جریدہ Pulse کی اطلاع کے مطابق یورپین کرسچن مشن کے جیسی مرے (Jacy murray) نے، جو ۲۵ مشنوں کے ایک کنسورشیم کی انتظامی کمیٹی کے چیئرمین ہیں، ہوٹل تیرانہ میں یونائیٹڈ بائبل سوسائٹیز کے اجلاس کا افتتاح کیا۔ اِس اجلاس میں شرکاء نے البانیہ میں بائبل سوسائٹی کا کام شروع کرنے کی منصوبہ بندی کی۔

سابق سوویت بلاک میں البانیہ کے لوگ واحد قوم نہیں ہیں جنہیں اپنی زبان میں بائبل کا تازہ ترین ترجمہ حاصل ہوا ہے۔ روسی اب جدید روسی زبان میں قدیم اور جدید عہد ناموں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ فورٹ ورتھ (ٹیکساس) کے ورلڈ بائبل ٹرانسلیشن سنٹر نے یکم جولائی ۱۹۹۳ء سے ماسکو میں نئی بائبل کی تقسیم شروع کی ہے۔

ازبکستان کے لوگوں کے لیے بھی ازبک میں بائبل کا پہلا ترجمہ ہو گیا ہے۔ Religion Report کے مطابق اسٹاک ہوم (سویڈن) میں قائم "مرکز برائے اشاعت کتاب مقدس" نے ازبک زبان میں بائبل کا ترجمہ کیا، اِسے چھپوایا اور پچاس ہزار نسخے دارالحکومت تاشقند بھیجے، جہاں وہ فروخت ہو رہے ہیں۔

ڈنمارک کے رہنے والوں کو ڈینش زبان میں نئی بائبل ملی ہے۔ دو سو پچاس برسوں میں یہ پہلا ترجمہ ہے جو ڈنمارک کے تمام چرچوں کے لیے مشترکہ طور پر قابل قبول ہے۔ ڈینش بائبل سوسائٹی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نے نومبر ۱۹۹۳ء میں ترجمہ ختم کیا تھا اور تین لاکھ پچھتر ہزار نسخے شائع کر چکی ہے۔ بیس فیصد سے زائد ڈینش گھرانوں میں اب بائبل موجود ہے۔ ویکلف بائبل ٹرانسلیٹرز (ڈلاس - ٹیکساس) کی رپورٹ کے مطابق تقریباً چھ لاکھ سے سوا چھ لاکھ افراد کے لیے جو چودہ لسانی گروہوں میں منقسم ہیں، اپنی زبانوں میں عہد نامۂ جدید پڑھنے کا امکان موجود ہے۔ نئے ویکلف تراجم میں سے پانچ پاپا نیوگنی کے لوگوں کے لیے ہیں۔ گزشتہ دو برسوں میں پاپا نیوگنی کے لیے اٹھارہ تراجم مکمل ہوئے ہیں۔ مذکورہ بالا چودہ لسانی گروہوں میں سب سے چھوٹا گروہ کاگاین اگتا ہے جو فلپائن میں سات سو افراد پر مشتمل ہے۔ ان لوگوں کے درمیان ۱۹۵۸ء میں کام شروع ہوا تھا۔ آج اگتا قبیلے کے نوے افراد تین چرچوں میں جاتے ہیں۔

ریڈنگ (انگلستان) کی یونائیٹڈ سوسائٹیز کے مطابق گزشتہ سال دُنیا بھر میں بائبل سوسائٹیوں نے کتاب مقدس کے اکسٹھ کروڑ اسی لاکھ نسخے تقسیم کیے۔ ایشیا اور بحرالکاہل کے علاقے میں تقسیم شدہ ۴۶ لاکھ نسخوں میں سے دس لاکھ چین میں حکومت کے منظور شدہ ایمٹی پرنٹنگ پریس نانجنگ میں چھاپے گئے۔ ۱۹۹۳ء میں پندرہ لاکھ نسخوں کی اشاعت پروگرام میں شامل تھی۔ اِس حقیقت کے باوجود کہ گزشتہ بیس برسوں سے جاپان میں مسیحی آبادی مسلسل دس لاکھ چلی آرہی ہے، جاپان کی کرسچن لٹریچر سوسائٹی کے بیان کے بموجب بائبل کی فروخت میں دس لاکھ کا اضافہ ہوا ہے۔

ورلڈ ایونجلیکل فیلوشپ کی "ایشیا تھیولاجیکل ایسوسی ایشن" نے ایشیائیوں کے لیے ۴۶ جلدوں پر مشتمل "ایشیا بائبل کمنٹری" کی اشاعت کے لیے دس سالہ منصوبے پر کام شروع کیا ہے۔ بروس نکولس کو اِس تفسیر کا مدیر چنا گیا ہے۔ جاپان سے مصر تک دینیاتی اداروں کو کہا گیا ہے کہ وہ اِس سلسلے میں تعاون کریں۔ یہ تفسیر علمی، دینیاتی اور چوپانی غور و فکر کے لیے مددگار ہوگی۔

"ایونجلیکل ریویو آف تھیالوجی" کے مدیر جناب نکولس نے کہا کہ "ایشیا میں انگریزی اور مقامی زبانوں میں بعض مخصوص کتابوں کی کچھ اچھی تفسیریں موجود ہیں مگر پوری بائبل پر کوئی جامع سلسلہ نہیں ہے۔ تفسیر کے لیے ضروری نہیں کہ انگریزی میں لکھی جائے۔ البتہ پورے سلسلہ کے لیے انگریزی ترجمہ ضروری ہے تاکہ پورے سلسلے کے لیے ایک بنیادی متن تیار ہو جائے اور حسبِ ضرورت علاقائی زبانوں میں اِس کا ترجمہ کر لیا جائے۔ (ماہنامہ فوکس، لیسٹر - اگست ۱۹۹۳ء)



© rasailojaraid.com